سبق-7

4205CH07

ہَوا

ہوا بے حد ضروری ہے
ہوا سے زِندگانی ہے
ہوا سے سانس چلتی ہے
جو جینے کی نشانی ہے

ہوا سے آدمی زندہ
ہوا سے پیڑ بھی زندہ
ہوا سے جانور زندہ
پرندے پیڑ پر زندہ
ہوا سے تن دُرستی ہے
اگر وہ صاف سُتھری ہے
ہوا کو صاف ہی رکھیں
اُسے گندا نہ ہونے دیں

(کوثر صدیقی)

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

بے حد : جس کی حد نہ ہو، بہت زیادہ

زندگانی : زندگی

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. ہوا ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟
2. جینے کی نشانی کسے کہا گیا ہے؟
3. ہوا سے کون کون سی چیزیں زندہ رہتی ہیں؟
4. تن دُرستی کے لیے ہوا کیسی ہونی چاہیے؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

سانس گندا ضروری صاف پیڑ

1. ہوا بے حد ________ ہے
2. ہوا سے ________ چلتی ہے

3. پرندے ______ پر زندہ

4. ہوا کو ______ ہی رکّھیں

5. اسے ______ نہ ہونے دیں

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1.	ہ	و	ا			= ....
2.	ص	ا	ف			= ....
3.	س	ا	ل	س		= ....
4.	ن	ش	ا	ن	ی	= ....
5.	پ	ر	ن	د	ے	= ....

لفظوں کو دیکھ کر خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔

1. پیڑ =	پ		ڑ		
2. جینے =	ج		ن	ے	

3. زندہ = | ز | ن | | ہ |

4. جانور = | ج | ا | | و | ر |

5. زندگانی = | ز | ن | د | | ا | ن | ی |

حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

الف	ب
چلنا	جانا
تن دُرستی	لینا
صاف	رکنا
دینا	بیماری
آنا	گندا

لفظ ''نشان'' سے ''نشانی'' بنا ہے۔ اِسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

زبان = ________

جوان = ________

مہربان = ________

آسمان = ________

نادان = ________

سوچیے اور بتائیے۔

1. زندہ رہنے کے لیے ہوا کے علاوہ اور کیا کیا چیزیں ضروری ہیں؟

2. ہوا کو صاف رکھنے کو کہا گیا ہے۔ اور کن چیزوں کو صاف رکھنا ضروری ہے؟

خوش خط لکھیے۔

آدمی	________	________	________	________	________
گندا	________	________	________	________	________
جانور	________	________	________	________	________
تن دُرستی	________	________	________	________	________
زندگانی	________	________	________	________	________

اس نظم کو یاد کیجیے۔